## حق پرست عوام، انور عالم کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔15 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم کی اچانک شدید علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ انور عالم کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خشوع وخضوع کے ساتھ خصوصی دعا کریں۔واضح رہے کہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم جمعرات کے روز اچانک فالج کے حملہ کے باعث شدید علیل ہوگئے۔انہیں فوری طور پر مقامی اسپتال میں داخل کرادیا گیا ہے جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔

## اے پی ڈی ایم ایم کیوایم کی مقبولیت سے بوکھلاہٹ کا شکار ہے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔15 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے APDM کے سربراہان کی جانب سے ایم کیوایم پر دہشت گردی کا الزام عائد کرنے اوراس پر پابندی لگانے کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایم کیوایم ایک جمہوریت پر یقین رکھنے والی سیاسی جماعت ہے۔ایک بیان میں ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ APDM کے رہنماء ایم کیوایم کی مقبولیت سے بوکھلاہٹ کا شکار ہیں یہی وجہ ہے کہ وہ اس جماعت کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے خوفزدہ ہوکر ایم کیوایم کے خلاف اونگے بونگے بیانات دے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پر بیہودہ الزام ان لاکھوں عوام کی توہین ہے جواس جماعت کو ملک میں ہونے والے ہرعام وبلدیاتی انتخابات میں لاکھوں کی تعداد میں ووٹ دیکر کامیاب کرتے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ عوام بخوبی واقف ہیں کہ APDM میں شامل جماعتوں کو عوام متعدد بار عام انتخابات میں مسترد کرچکے ہیں اوراس اتحاد میں شامل جماعت اسلامی ایک دہشت گرد تنظیم ہے جو نہ صرف تعلیمی اداروں میں اسلحہ کے زور پر دہشت گردی کرتی رہی ہے بلکہ القاعدہ کی حمایت بھی کرتی رہی ہے اورالقاعدہ کے متعدد دہشت گردوں کی گرفتاری جماعت اسلامی کے رہنماؤں کے گھروں سے عمل میں آئی ہے۔ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ ایم کیوایم پر بہتان تراشی کرنے والے اس ٹولے نے ہمیشہ ملک میں انارکی پھیلانے کی کوشش کی اورعوام کو اپنے مذموم مقاصد کیلئے استعمال کیا ہے لیکن عوام باشعور ہوچکے ہیں اوروہ عوام کے مسترد کردہ ٹولہ کے بہکاوے میں ہرگز نہیں آئیں گے۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔15 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 136 کے کارکن ابرار خان کی اہلیہ محترمہ تسنیم فاطمہ، ایم کیوایم اولڈ لیاری سیکٹر یونٹ یوسی 7 بہار کالونی کی یونٹ کمیٹی کے رکن خادم حسین کے بھائی شوکت علی، ایم کیوایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 142 کے کارکن اختر قریشی کے والد انور قریشی، ایم کیوایم آگرہ تاج کالونی سیکٹر کے کارکن محمد حسین کی والدہ محترمہ زبیدہ اورسائٹ ٹاؤن یوسی 1 کے حق پرست جنرل کونسلر شمشیر قائم خانی کے والد قاسم علی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆